سوال

(185) شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ابتداء میں حنبلی تھا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اکثر احناف بڑے فخر سے اس امر کا دعویٰ کرتے ہیں۔ کہ حضرت پیران پیر سید محی الدین رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ابتداء میں حنبلی تھا ازاں بعد انہوں نے مذہب حنبلی سے مذہب حنفی کی طرف رجوع کی اور آخر عمر تک اسی مذہب پر قائم رہے۔ اور بس۔ اور حضرت امام مہدی بھی آخر الذمان بھی مذہب حنفیہ ہی کے قائل ہوں گے۔ پس احناف کا یہ دعویٰ جھوٹا ہے۔ یا سچا اور دونوں بزرگوار کس طریق پر عمل کرتے تھے اور کریں گے۔؟ (عبدالروف از کارنجہ برار)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت ممدوح کی نسبت گو بعض لوگ حنبلی مذہب کا دعویٰ کرتے ہیں۔ مگر حنفی کا تو کوئی بھی مدعی نہیں اور نہ ہوسکتا ہے۔ کیونکہ حضرت پیر کی تصنیفات میں حنفی مذہب کے خلاف بہت سی باتیں پائی جاتی ہیں۔ رہا امام مہدی کا حنفی ہونا سو جب وہ آئیں گے دیکھا جائے گا۔ سر دست تو اتنا ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ جس حالت میں حنفیوں کا اپنا مسلمہ اصول ہے کہ مجتہد دوسرے مجتہد کا مقلد نہیں ہوسکتا۔ تو امام مہدی کیا کسی مجتہد سے بھی ہوں گے۔؟ مولانا عبدالحئی صاحب لکھنوی مرحوم نے بھی ان خیالات کی تردید کی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 144

محدث فتویٰ